INTERNATIONAL INDIAN SCHOOL BURAIDAH

Worksheet for the Academic Year (2025-26)

CLASS:6th
Subject: Urdu
:COMPREHENSION

مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالوں کے جوابات لکھئے-

قائد ہ اعظم کو بچو ں سے بڑی محبت تھی-انھو ں نے طالب علمو ں کو نصیحت کی-"آپ تعلیم پر دھیان دیں -اپنے آپ کو عمل کے لیے تیار کریں -یہ آپ کا پہلا فرض ہے -آپ کی بھلائ ،آپ کے والدین کی بھلائ ،آپ کے ملک کی بھلائ اسی میں ہے کہ آپ علم حاصل کریں -تعلیم ہماری قوم کے لئ زندگی اور موت کا مسلۂ ہے -اگر آپ نے تعلیم حاصل نہ کی تو پیچھے رہ جائں گے "-

۱- قاۂدہ اعظم کو کن سے محبت تھی؟

جواب: قائدہ اعظم کو بچوں سے بڑی محبت تھی-

۲-طالب علموں کو تعلیم پر دھیان دینے کی نصیحت کس نے کی ؟

جواب: طالب علموں کو تعلیم پر دھیان دینے کی نصیحت قائد ہ اعظم نے کی -

۳- طالب علم کا پہلا فرض کیا ہے؟

طالب علم کا پہلا فرض ہے کہ اپنے آپ کو عمل کے لئے تیار کریں -

۴- علم حاصل کرنے میں کس کس کی بھلائ ہۓ ؟

جواب :علم حاصل کرنے میں آپ کی ، آپکے والدین کی اور آپ کے ملک کی بھلائ ہے -

۵: تعلیم حاصل نہ کرنے کا نتیجہ کیا ہوگا؟

جواب: تعلیم حاصل نہ کی تو پیچھے رہ جائیں گے -

Comprehension :2

یہ ایک مینا کا قصہ ہے -جو گرمی کے موسم میں پیاس سے بے حال ادھر ادھر پھر رہی تھی -پیاسی مینا کی زبان لٹک رہی تھی -مگر پانی نہیں تھا - اچانک اسے دور ایک گھر نظر آیا - مینا وہاں گئ تو گھر کے صحن میں ایک ہانڈی رکھی تھی -مینا نے دیکھا کہ ہانڈی پانی سے بھری ہوئ تھی -اس نے جی بھر کے پانی پیا-اب اس نے پانی پی لیا تو دیکھا کہ ایک بچی رانو

Scanned with CamScanner

کھڑی تھی ۔اور پرندوں کو پانی پیتا دیکھ کر خوش ہو رہی تھی۔ را نو روز ہانڈی میں پانی بھر کر رکھ دیتی تھی - ینا نے رانو کو خوشی کی نظروں سے دیکھا ۔اب ینا اور رانو کی دوستی ہوگی ۔اور وہ روز پانی پینے یہاں آنے لگی۔

الف)ینا کیوں بے حال تھی ؟

جواب: ینا پیاس سے بے حال تھی ۔

ب) ینا نے گھر کے صحن میں کیا دیکھا ؟

جواب : ینا نے گھر کے صحن میں پانی سے بھری ہوئ ہانڈی دیکھی ۔

ج) رانو کیوں خوش ہورہی تھی ؟

جواب : رانو پرندوں کو پانی پانی پیتے دیکھ کر خوش ہو رہی تھی ۔

د) رانو روز کیا کام کرتی تھی ؟

جواب : رانو روز ہانڈی میں پانی بھر کر رکھ دیتی تھی۔

ہ) اس کہانی کا عنوان لکھیں ۔

جواب : ۱-ینا کا قصہ   ۲-پیاسی ینا

- **Composition-1**

عید الفطر

عید مسلمانوں کا سب سے بڑا تہوار ہے ۔ یہ رمضان کا مہینہ پورا ہونے پر منایا جاتا ہے ۔عید کی نماز ادا کرنے سے پہلے ایک مقر رہ رقم غریبوں میں تقسیم کی جاتی ہے جسے فطرہ کہتے ہیں ۔ عید کے دن مسلمان نہا دھو کر نئے کپڑے پہن کر عیدگاہ جاتے ہیں ۔ سیوئیاں اور طرح طرح کے پکوان بنائے جاتے ہیں ۔ ایک دوسرے کو مبارک باد دیتے ہیں ۔اورایک دوسرے کے گھر جاتے ہیں ۔بچوں کو عیدی دی جاتی ہے ۔ہر گھر میں رونق ہوتی ہے ۔

۲- یہ میرا گھر ہے میرا گھر

Scanned with CamScanner

مجھے میرا گھر بہت پیارا ہے۔میں اپنے گھر میں اپنے امی ابو اور بھائ ، بہن کے ساتھ رہتا ہوں۔امی ، ابو پڑھائ میں ہماری مدد کرتے ہیں ۔

ہم سب اپنے گھر کو صاف ستھرا رکھتے ہیں ۔ہمارے گھر میں چاروں طرف پیڑ پودے ہیں ۔ ان سے ہمیں تازہ اور صاف ہوا ملتی ہے ۔ان پودوں پر پرندے چہچہاتے ہیں ۔ ہمارے گھر میں ایک بڑا آنگن بھی ہے ۔ جہاں ہم کھیلتے ہیں مجھے میرا گھر بہت پیارا ہے ۔

Scanned with CamScanner